# 09-06-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔مرکزی وزیرزراعت شیورام سنگھ چوہان نے کہا ہے کہ زراعت کی ترقی کے بغیر ملک ترقی یافتہ نہیں بن سکتا۔

۲۔سابق وزیر ہریش راؤ، کالیشورم لفٹ اریگیشن پراجکٹ کے معاملہ میں جسٹس پینا کی چندرا گھوش کمیشن کے روبروحاضر ہوئے۔

۳۔ کوئلہ اور کانوں کے مرکزی وزیر کشن ریڈی نے وکست بھارت کے مقصد کے حصول کیلئے معدنیات سے فائدہ حاصل کرنے کے تحت پائیداریت اور ابھرتی ہوئی ٹکنالوجی بڑھتی اہمیت پر زور دیا ہے۔

۴۔ ہندوستانی خلانورد وگروپ کیپٹن انڈین ایرفورس سبھانشو شکلا خلاء میں اپنے پہلے سفر کے لئے تیار ہیں۔ وہ اسپیس ایکس کے ایکسیم ۔فورمشن کا حصہ ہوں گے جوکل شام دو ہفتہ کیلئے انٹرنیشنل اسپیس اسٹیشن سے روانہ ہوگا۔

## KISHAN REDDY

کوئلہ اور کانوں کے مرکزی وزیر کشن ریڈی نے وکست بھارت کے مقصد کے حصول کیلئے معدنیات سے فائدہ حاصل کرنے کے تحت پائیداریت اور ابھرتی ہوئی ٹکنالوجی بڑھتی اہمیت پر زور دیا ہے۔ حیدرآباد میں آج جیالوجیکل سروے آف انڈیا ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ (جی ایس آئی ٹی آئی) میں 2 روزہ نکسٹ جن جیاگرافک 2025 کانفرنس کے افتتاح کے بعد آج خطاب کرتے ہوئے انہوں نے آفات سماوی سے نمٹنے کی تیاریوں کے لئے اٹلی کے ساتھ کئے گئے معاہدہ اور نیشنل لینڈ سلائیڈ فورکاسٹنگ سنٹر کے قیام جیسے اہم موضوعات اٹھائے۔ وزیر نے جی ایس آئی کی 175 سالہ خدمات کی ستائش کی اور ماہرین جغرافیا پر زور دیا کہ اے آئی جیسے ٹولس سے استفادہ کیا جائے۔ ملکاجگری کے ایم ایل اے ایٹیلا راجندر نے بھی خطاب کیا۔ اس سے پہلے کشن ریڈی اور راجندر نے 2 نئے ہائیڈرواسٹاٹک ڈرل رگس اور نیکسٹ جن جغرافیائی ایکسپو پویلین کا افتتاح کیا۔

## WEATHER

تلنگانہ کے تمام اضلاع میں آئندہ 4 دن کے دوران مختلف مقامات پر گرج چمک کے ساتھ بجلیاں چمکنے اور تیز ہوائیں چلنے کا امکان ہے۔ اسی طرح ریاست بھر میں بیشتر مقامات یا چند ایک علاقوں میں بھی ہلکی تا اوسط بارش

اور بوندا باندی بھی ہوسکتی ہے۔ ریاست بھر میں جنوب مغربی مانسون معمول کے مطابق رہا ہے۔ محکمہ موسمیات کے مرکز نے اپنی روزانہ کی رپورٹ میں آج کہا ہے کہ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ضلع کاماریڈی میں مختلف مقامات پر شدید بارش ہوئی جبکہ ریاست کے بعض علاقوں میں بھی بارش درج کی گئی ہے۔

TPCC

تلنگانہ پردیش کانگریس کمیٹی (ٹی پی سی سی) کے صدر وایم ایل سی مہیش کمار گوڑ نے ٹرانسپورٹ اور بی سی ویلفیر کے وزیر پونم پربھاکر کے ہمراہ آج پارٹی کے سینئر لیڈر وابراہیم پٹنم کے ایم ایل اے مال ریڈی گنگا ریڈی سے ان کے گھر پہنوچ کر ملاقات کی اور حالیہ کابینی توسیع کے تعلق سے تشویشات پر بات چیت کی۔ مہیش کمار نے اس بات پر زور دیا کہ کابینہ میں توسیع ذات پات کے توازن کی بنیاد پر غور کرنے کے بعد کی گئی ہے' جبکہ پارٹی وزارت کے تعلق سے رنگا ریڈی کی توقعات کو سمجھ سکتی ہے تاہم یہ معاملہ اے آئی سی سی کے ان چارج میناکشی نٹراجن اور وزیر اعلی ریونت ریڈی کے علم میں لایا گیا ہے۔

HARISH RAO

سابق وزیر ہریش راؤ، کالیشورم لفٹ اریگیشن پراجکٹ میں ہوئی مبینہ بے قاعدگیوں کے سلسلہ میں آج صبح جسٹس پینا کی چندرا گھوش کمیشن کے روبرو حاضر ہوئے۔ سابق وزیر، پارٹی کے سینئر لیڈرس کے ہمراہ حیدرآباد میں واقع بی آر کے آر بھون پہنچے۔ اس سے پہلے کمیشن نے ہریش راؤ اور سابق وزیر فینانس وموجودہ بی جے پی ایم پی ایٹلا راجندر کو نوٹسیں جاری کی تھیں۔ راجندر 6 جون کو کمیشن کے روبرو حاضر ہو چکے ہیں جبکہ توقع ہے کہ سابق وزیر اعلیٰ چندر شیکھر راؤ پرسوں حاضر ہوں گے۔

PHONETAPPING

ایس آئی بی کے سابق سربراہ پربھاکر راؤ، مبینہ فون ٹیپنگ کیس کے سلسلہ میں آج ایس آئی ٹی کے روبرو حاضر ہوئے۔ پربھاکر راؤ 14 ماہ کے بعد کل امریکہ سے لوٹے۔ سپریم کورٹ کے ہدایات کے بعد انہیں فون ٹیپنگ معاملہ میں اصل ملزم بنایا گیا ہے۔ اپیکس عدالت نے ایس آئی بی کے سابق چیف کو ہدایت دی تھی کہ حیدرآباد پہنچنے کے اندرون 3 تین پوچھ تاچھ کیلئے ایس آئی ٹی کے روبرو حاضر ہوں۔ ایس آئی ٹی نے سینئر پولیس آفیسرس بھوجنگا راؤ، رادھا کشن راؤ، پرانیت راؤ اور تروپا تھنا کے بیانات کے مطابق سوالات کی فہرست تیار کی ہے۔

PM-SURVEY

وزیراعظم نریندر مودی نے گزشتہ 11 سال کے دوران ملک کی ترقی کے سفر کے تعلق سے ناموایپ پر کئے جانے والے سروے میں حصہ لینے کی ہر کسی پر زور دیا ہے۔ انہوں نے اپنے سوشیل میڈیا پوسٹ میں پورٹل کا ایک لنک بھی شیئر کیا جہاں کوئی بھی جن من سروے میں حصہ لے سکتا ہے۔

RTC

تلنگانہ اسٹیٹ روڈ ٹرانسپورٹ کارپوریشن (ٹی جی ایس آر ٹی سی) نے تمام زمروں کی بسوں کیلئے کرائے کی شرح میں تقریباً 20 فیصد اضافہ کیا ہے۔ یہ اضافہ آرڈنری اور طلبہ کے بس پاسس پر بھی نافذ رہے گا۔ توقع ہے کہ آرڈنری بس پاس کی فیس ایک ہزار ایک سو پچاس روپے سے بڑھا کر 1400 روپے کی جائے گی۔ اسی طرح میٹرو اکسپریس کے پاس میں 1300 سے بڑھا کر 1600 اور میٹرو ڈیلکس کے پاس میں 1450 سے بڑھا کر 1800 روپے کئے جائیں گے۔ اضافہ شدہ کرائیوں پر آج سے عمل آوری ہوگی۔

BANDI SANJAY

مملکتی وزیر برائے داخلی امور بنڈی سنجے کمار نے ضلع کریم نگر کے ٹاؤن چپادنڈی کے موضع نلل باوی میں آج امروت 2.0 اسکیم کے تحت 36.3 کروڑ روپے کی لاگت سے پانی کی سہولت کو بہتر بنانے کے پراجکٹ کا سنگ بنیاد رکھا۔ اس تعمیر کا مقصد چوپادنڈی بلدی حدود میں ہر کسی کو محفوظ اور مناسب پینے کا پانی فراہم کرنا ہے۔ بنڈی نے مقامی ایم ایل اے ستیم اور سابق ایم ایل اے شوبھا کے ہمراہ اِس پراجکٹ کے پائپ لائن نٹ ورک کا بھی افتتاح کیا۔ اس موقع پر انہوں نے بتایا کہ مذکورہ اسکیم کے تحت ملک بھر میں 2.99 کروڑ روپے خرچ کئے جارہے ہیں جس میں مرکز کا حصہ 76,760 کروڑ اور مابقی حصہ ریاست کا ہے۔

VKSA

ضلع رنگاریڈی کے موضع منگل پلی میں وکست کرشی سمکلپ ابھیان میں شرکت کرنے والے کسانوں نے آکاش وانی نیوز سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ یہ پروگرام کافی فائدہ مند ہیں تاکہ انہیں زراعت کے نئے طریقوں سے واقفیت ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس پروگرام کے دوران کسانوں کو سائنسدانوں سے بات چیت کرنے کا موقع ملا اور بیجوں کی نئی قسموں کے بارے میں جانکاری ہوئی۔

SOUND BYTE SUDHAKAR, SATYA

ICRISAT

ایک اہم پیشرفت میں انٹرنیشنل کراپس ریسرچ انسٹیٹیوٹ فار سیمی اریڈ ٹراپکس (آئی سی آر آئی ایس اے ٹی) کے سائنسدانوں نے دنیا کی پہلی گرم قسم آئی سی پی وی۔ 2.444 کو تیار کیا ہے۔ یہ قسم صرف 125 دن میں کام کرتی ہے اور اسے 45 ڈگری سلسیس درجہ حرارت میں بھی استعمال میں لایا جاسکتا ہے۔ فوٹو اور تھرموکلٹیورک کو کرناٹک، اوڈیشہ اور تلنگانہ میں کامیابی کے ساتھ تجربہ کیا گیا ہے۔ یہ ٹکنالوجی موسم گرما میں بھی روایتی خریف سیزن کے دوران کافی فائدہ مند ثابت ہوگی۔ ڈاکٹر ہیمانشو پاٹھک، ڈائرکٹر جنرل آئی سی آر آئی ایس اے ٹی نے کہا کہ اس ٹکنالوجی سے زراعت میں تبدیلی لائی جاسکتی ہے اور ماحولیاتی تبدیلی کے مسائل سے بھی نمٹا جاسکتا ہے۔

AXIOM:

ہندوستانی خلانورد و گروپ کیپٹن انڈین ایرفورس سبھانشو شکلا خلاء میں اپنے پہلے سفر کے لئے تیار ہیں۔ وہ اسپیس ایکس کے ایکسیم ۔فور مشن کا حصہ ہوں گے جو کل شام دو ہفتہ کیلئے انٹرنیشنل اسپیس اسٹیشن سے روانہ ہوگا۔ شکلاء اِس مشن کے پائلٹ ہوں گے جو ہندوستان کیلئے ایک اور سنگ میل ہوگا۔ یہ پرواز امریکی ریاست فلوریڈا کے ناسا کے کینڈی اسپیس سنٹر سے روانہ ہوگی۔ اس کا سفر ہندوستانی معیارِ وقت کے مطابق 5:52 بجے سے شروع ہوگا۔ گروپ کیپٹن شکلا کو 2020ء میں اس مشن کیلئے منتخب کیا گیا تھا۔ اس دوران انہوں نے مختلف نوعیت کی سخت ٹریننگ میں حصہ لیا اور پھر ان کا انتخاب عمل میں آیا۔ خصوصی طور پر آکاش وانی نیوز سے بات چیت کرتے ہوئے ملک کے پہلے خلانورد راکیش شرما نے شکلا کیلئے نیک تمناؤ کا اظہار کیا۔

LEAD VKSA:

مرکزی وزیر زراعت شیوراج سنگھ چوہان نے آج کہا کہ زراعت کی ترقی کے بغیر ملک ترقی یافتہ نہیں بن سکتا۔ تلنگانہ کے ضلع رنگاریڈی میں منگل پلی موضع میں وکست کریشی سنکلپ ابھیان سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے فوڈ سیکورٹی، کسانوں کی آمدنی میں اضافہ اور آنے والی نسلوں کے لئے زمین کی حفاظت پر زور دیا۔

11 years

ملک کی تبدیلی کی ایک دہائی کے تناظر میں جسے سیوا، سوشاسن اور غریب کلیان کی مدد سے چلایا گیا ہے، آکاش وانی نیوز نے آپ کیلئے پچھلے 11 سال کے دوران مختلف اہم شعبوں میں حکومت کی جانب سے کی گئی کوششوں پر ایک خصوصی فیوچر بنایا ہے۔ ہم شمال مشرقی علاقہ کے سفر کی ترقی پر توجہ دے رہے ہیں جسے کسی وقت پچھڑا سمجھا جاتا تھا۔ گزشتہ 11 سال کے دوران مرکزی حکومت نے اس علاقہ میں بہت کچھ رقم صرف کی ہے۔